بچوں/طلبہ کے لیے کووڈ-19 اسکریننگ

براہ کرم نگہداشت طفل/JK-12 اسکول کی سیٹنگ میں داخل ہونے سے پہلے مکمل کریں۔

تجدید شدہ 1 ستمبر 2021

نام: ____________________ تاریخ: ____________ وقت: ____________

1. کیا بچے/طالب علم کو درج ذیل میں سے کوئی نئی یا بدتر ہوتی علامت درپیش ہے؟**

بخار > 37.8°C اور/ یا کپکپی

ہاں ☐ نہیں ☐

کھانسی

ہاں ☐ نہیں ☐

سانس لینے میں پریشانی

ہاں ☐ نہیں ☐

ذائقہ یا بو گھٹ جانا یا ختم ہو جانا

ہاں ☐ نہیں ☐

متلی، الٹی یا اسہال

ہاں ☐ نہیں ☐

- اگر بچے/طالب علم کو نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی تشخیص کردہ صحت کی ایسی کیفیت لاحق ہے جس سے انہیں علامات درپیش ہوتی ہیں تو **"نہیں"** کو منتخب کریں۔ اگر علامت نئی، مختلف ہے، یا بگڑ رہی ہے تو **"ہاں"** کو منتخب کریں۔

اگر کسی بھی علامت کا جواب "ہاں" میں دیا: گھر پر رہیں اور خود کو آئسولیٹ کریں + ٹیسٹ کروائیں **یا** نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں

2. کیا آپ کے گھرانے میں کسی کو کووڈ-19 کی ایک یا زائد علامات درپیش ہیں اور/یا علامات درپیش ہونے کے بعد ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار ہے؟

ہاں ☐ نہیں ☐

- اگر بچے کو پوری طرح سے ٹیکہ لگ گیا ہے* یا پچھلے 90 دنوں میں کووڈ-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے تو، **"نہیں"** کو منتخب کریں۔

3. پچھلے 10 دنوں میں، کیا بچے/طالب علم کا ریپڈ اینٹی جین ٹیسٹ یا گھر پر مبنی سیلف ٹیسٹنگ کٹ پر مثبت ٹیسٹ آیا ہے؟

ہاں ☐ نہیں ☐

- اگر اس کے بعد سے لیب پر مبنی PCR ٹیسٹ میں ان کا منفی ٹیسٹ آیا ہے تو **"نہیں"** کو منتخب کریں۔

4. کیا طالب علم/بچے کو کووڈ-19 والے کسی فرد کے قریبی رابطہ کے بطور مطلع کیا گیا ہے یا اسے گھر پر رہنے اور خود کو آئسولیٹ کرنے کو کہا گیا ہے؟

ہاں ☐ نہیں ☐

- اگر بچے کو پوری طرح سے ٹیکہ لگ گیا ہے* یا پچھلے 90 دنوں میں کووڈ-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور کلیئرنس مل گیا ہے یا صحت عامہ نے کہا کہ بچے/طالب علم کو خود کو آئسولیٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے تو، **"نہیں"** کو منتخب کریں۔

5. پچھلے 14 دنوں میں، کیا بچے/طالب علم نے کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے اور [کورنٹین کے وفاقی تقاضے] کے مطابق کورنٹین کرنے کو کہا دیا گیا ہے؟

ہاں ☐ نہیں ☐

اگر سوال 2، 3، 4 یا 5 کا جواب "ہاں" میں دیا: گھر پر رہیں اور خود کو آئسولیٹ کریں + صحت عامہ کے مشورے پر عمل کریں

* پوری طرح سے ٹیکہ لگا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دو خوراک والے ٹیکے کی سیریز کی دوسری خوراک یا واحد خوراک والی سیریز کی ایک خوراک لینے کے بعد 14 دن یا زائد گزر گئے ہوں۔

**جو بھی کوئی فرد بیمار ہے یا اسے بیماری کی کوئی علامت درپیش ہے اسے چاہیے کہ گھر پر رہے اور اگر ضرورت ہو تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے تشخیص کروائے۔

میرے بچے/طالب علم کو کووڈ-19 کی 1 یا زائد علامات درپیش ہیں

بچے/طالب علم کو چاہیے کہ گھر پر رہے، خود کو آئسولیٹ کرے اور ٹیسٹ کروائے۔

نگہداشت طفل/اسکول کو مطلع کریں کہ انہیں علامات درپیش ہیں۔

کووڈ-19 ٹیسٹ کا نتیجہ کیا تھا؟

مثبت

- نگہداشت طفل/اسکول کو بتائیں کہ کووڈ-19 کا ان کا ٹیسٹ مثبت ہے۔
- بچے/طالب علم پر لازم ہے کہ گھر پر رہے، اور اپنی علامات شروع ہونے کے دن سے 10 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرے۔ دن 11 کو ان کی واپسی ہو سکتی ہے، چاہے گھر میں کسی اور میں علامات پیدا ہو گئی ہوں۔
- گھرانے کے جن ممبران اور قریبی روابط کو کووڈ-19 کے ٹیکے کی مدد سے پوری طرح ٹیکہ نہیں لگا ہے ان پر کم از کم 10 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے اور انہیں ٹیسٹ کروانا چاہیے۔
- ٹورنٹو پبلک ہیلتھ آپ سے رابطہ کر کے ایک تفتیش کرے گا اور مزید ہدایات فراہم کرے گا۔

منفی

کیا بچہ/طالب علم ایسے فرد کا قریبی رابطہ ہے جس کا پچھلے 10 دنوں میں کووڈ-19 کا ٹیسٹ مثبت ہے؟

- ☐ **نہیں** — بچے/طالب علم کی علامات میں بہتری آنا شروع ہونے کے 24 گھنٹے (متلی، الٹی یا اسہال کے لیے 48 گھنٹے) بعد ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔
- ☐ **ہاں** — **اگر بچے/طالب علم کو پوری طرح سے ٹیکہ نہیں لگا ہے*:** جو شخص مثبت تھا اس کی زد میں آخری بار آنے سے 10 دنوں تک انہیں خود کو آئسولیٹ کرنا ہوتا ہے۔
- ☐ **ہاں** — **اگر بچے/طالب علم کو پوری طرح سے ٹیکہ لگ گیا ہے*:** ان کی علامات میں بہتری آنا شروع ہونے کے 24 گھنٹے (متلی، الٹی یا اسہال کے لیے 48 گھنٹے) بعد ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔
- ☐ **ہاں** — **اگر پچھلے 90 دنوں میں بچے/طالب علم کا کووڈ-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور اسے کلیئرنس مل گیا تھا:** ان کی علامات میں بہتری آنا شروع ہونے کے 24 گھنٹے (متلی، الٹی یا اسہال کے لیے 48 گھنٹے) بعد ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔
- ☐ **ہاں** — **اگر بچے/طالب علم کو کووڈ الرٹ ایپ کے ذریعے صرف ابتلاء کا نوٹس موصول ہوا:** ان کی علامات میں بہتری آنا شروع ہونے کے 24 گھنٹے بعد (اگر متلی، الٹی یا اسہال ہو تو 48 گھنٹے) بعد ان کی واپسی ہو سکتی ہے۔

گھر کے جو بھائی بہن اور بالغ افراد نگہداشت طفل/اسکول کی سیٹنگ میں جاتے ہیں وہ اسی وقت لوٹ سکتے ہیں تاوقتیکہ گھرانے کے کوئی دیگر ممبر علامات میں مبتلا نہ ہوں۔

ٹیسٹ نہیں کروایا

- بچے/طالب علم پر لازم ہے کہ گھر پر رہے اور علامات شروع ہونے سے 10 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرے۔ دن 11 کو بچے/طالب علم کی نگہداشت طفل/اسکول میں واپسی ہو سکتی ہے اگر ان کی علامات بہتر ہو رہی ہوں۔
- گھرانے میں جس کسی کو بھی پوری طرح سے ٹیکہ نہیں لگا ہے* یا پچھلے 90 دنوں میں کووڈ-19 کا جس کا ٹیسٹ مثبت نہیں آیا ہے اور اسے کلیئرنس نہیں ملا تھا اس پر تب تک خود کو آئسولیٹ کرنا لازم ہے جب تک بچے/طالب علم کا کووڈ-19 ٹیسٹ منفی نہ ہو جائے یا 10 دن نہ گزر جائیں۔
- اگر نگہداشت صحت فراہم کنندہ نے ایسی کیفیت کی تشخیص کی ہے جس کا تعلق کووڈ-19 سے نہیں ہے تو، بچے/طالب علم کی علامات میں بہتری آنے کے 24 گھنٹے (متلی، الٹی یا اسہال کے لیے 48 گھنٹے) بعد واپسی ہو سکتی ہے۔ گھرانے کے ممبران کو گھر پر رہنا ضروری نہیں ہے۔

اگر بچے/طالب علم نے پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے:

- بچے/طالب علم پر بین الاقوامی سفر سے واپسی کے بعد کورنٹین اور ٹیسٹنگ کے وفاقی رہنما خطوط پر عمل کرنا لازم ہے۔
- اگر بچے/طالب علم کو پوری طرح سے ٹیکہ لگ گیا ہے تو انہیں کورنٹین سے مستثنی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگر بچے/طالب علم کو پوری طرح سے ٹیکہ نہیں لگا ہے تو، انہیں 14 دنوں تک اسکول/نگہداشت طفل میں نہیں جانا ہے، چاہے انھوں نے ٹیکہ لگے ہوئے ہمراہی کے ساتھ سفر کیا ہو۔
- مسافروں کے لیے وفاقی تقاضے پر عمل کریں۔

*پوری طرح سے ٹیکہ لگا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دو خوراک والے ٹیکے کی سیریز کی دوسری خوراک یا واحد خوراک والی سیریز کی ایک خوراک لینے کے بعد 14 دن یا زائد گزر گئے ہوں۔